# ایوانِ تجارت و صنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کے اِجلاس منعقدہ مورخہ 24-09-2025 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی مجلسِ عاملہ کا اِجلاس آج مورخہ 24-09-2025 بروز جمعہ بوقت 04:30 بجے سہ پہر زیرِ صدارت جناب بختاور تنویر شیخ صاحب، صدر ایوان بحاضری درجِ ذیل اراکین دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی:-

۱. جناب بختاور تنویر شیخ صاحب
۲. جناب محمد محسن مسعود خواجہ صاحب
۳. جناب محمد اظہر بلوچ صاحب
۴. جناب ظفر اقبال صدیقی صاحب
۵. جناب ابرار احمد صاحب
۶. جناب وسیم اختر صاحب
۷. جناب شیخ محمد یٰسین صاحب
۸. جناب خواجہ محمد ارشد صاحب
۹. جناب شیخ محمد امجد صاحب
۱۰. جناب محمد طارق خان صاحب
۱۱. جناب مجیداللہ خان صاحب
۱۲. جناب محمد عارف صاحب
۱۳. جناب شیخ ظفر حسین صاحب
۱۴. جناب ارشد اقبال شیخ صاحب
۱۵. جناب عمار یاسر خواجہ صاحب
۱۶. جناب میاں ادریس احمد شیخ صاحب
۱۷. جناب رجب حسین کھوکھر صاحب
۱۸. جناب عامر علی خان صاحب
۱۹. محترمہ ارم راشد صاحبہ
۲۰. محترمہ حنا چغتائی صاحبہ

مجلسِ عاملہ کے درجِ ذیل اراکین کو Leave of absence دی گئی:-

۱. جناب الطاف شاہد صاحب
۲. جناب محمد سرفراز صاحب
۳. جناب خواجہ ذوالفقار علی صدیقی صاحب
۴. جناب شیخ فیصل سعید صاحب
۵. جناب رضا عمار صاحب
۶. جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب

(PTO)

ان کے علاوہ جناب خواجہ محمد یوسف صاحب، جناب خواجہ محمد حسین صاحب، جناب میاں راشد اقبال صاحب سابق صدور ایوان اور جناب سید افتخار علی شاہ صاحب، جناب خواجہ محمد علی صاحب، جناب خواجہ محمد سہیل طفیل صاحب سابق سینئر نائب صدور اور جناب نوید اقبال چغتائی صاحب، جناب خواجہ محمد فاروق صاحب سابق نائب صدر ایوانِ تجارت وصنعت ملتان نے صاحب صدر کی خصوصی دعوت پر اجلاس میں شرکت کی۔

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| ۱۔ | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔<br>تلاوت کے بعد درج ذیل تعزیتی قرارداد پیش کی گئیں:<br>۱. جناب خواجہ محمد اویس صاحب (سابق نائب صدر ایوان) سسر خواجہ محمد عثمان۔ سابق صدر<br>۲. والدہ محترمہ جناب چوہدری ذوالفقار علی انجم صاحب<br>۳. جناب ڈاکٹر محمد عمر بیگ صاحب (برادر نسبتی میاں تنویر احمد شیخ صاحب)<br>۴. والدہ محترمہ محمد شفیق، سیکریٹری جنرل ملتان چیمبر<br>۵. ڈاکٹر احمد ذیشان، صاحبزادے شیخ محبوب احمد صاحب۔ سابق آڈیٹر ملتان چیمبر<br>مندرجہ بالا مرحومین کے انتقال پر مجلس عاملہ نے گہرے دُکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے ان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور متفقہ طور پر تعزیتی قرارداد منظور کی اور سیکرٹری جنرل کو ہدایت کی کہ مذکورہ مرحومین کے لواحقین کو تعزیتی قرارداد کی نقول بھجوائی جائیں۔ |
| ۲۔ | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس مجلس عاملہ۔ | سابقہ اجلاس کی کاروائی جو کہ پہلے ہی تمام اراکین مجلس عاملہ کو بھجوائی جا چکی تھی مجلس عاملہ ایوان نے باالاتفاق رائے اس کی منظوری دی۔ |
| ۳۔ | آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب بابت سال 2024-25 کی منظوری۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے اراکینِ مجلس عاملہ کو بتایا کہ حساب کتاب ایوان کا آڈٹ شدہ گوشوارہ جات و آڈٹ رپورٹ بابت سال 2024-25 جس کی کاپی تمام اراکین مجلس عاملہ کو بھجوائی جا چکی ہے اور اسے ایوان کی ویب سائٹ پر تمام اراکین کے ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیلئے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور اس کی ایک کاپی ایوان کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کی جا چکی ہے، اس کی منظوری دی جائے۔ مجلسِ عاملہ نے متفقہ طور پر آڈٹ شدہ گوشوارہ بابت سال 2024-25 کی منظوری دی۔ |

(PTO)

CamScanner

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
| --- | --- | --- |
| ۴. | منظوری ترامیم میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے اراکینِ مجلسِ عاملہ کو بتایا کہ DGTO کی طرف سے جاری کردہ سرکلر نمبر F.No.17(31)/Admn-2008 مورخہ 02 مئی 2025 اور سرکلر-فائنل ریمائنڈر نمبر F.No.18(93)/2008-TO مورخہ 28 مئی 2025 کے مطابق ایوان تجارت وصنعت ملتان سمیت تمام چیمبرز آف کامرس کو ہدایت جاری کی گئی ہے کہ وہ 30 ستمبر 2025 تک اپنے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کو ٹریڈ آرگنائزیشنز ایکٹ 2013، ٹریڈ آرگنائزیشنز رولز 2013، S.R.O. 525(I)/2016 اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت باقاعدہ طور پر تیار کریں اور ان ترامیم کو مجلس عاملہ اور جنرل باڈی ممبران سے منظوری کے بعد ریگولیٹر ٹریڈ آرگنائزیشنز کے پاس حتمی منظوری کیلئے بھجوایا جائے۔<br>جس کے مطابق سیکرٹری جنرل نے لیگل ایڈوائزر سے مشاورت کے بعد ایوان کے میمورینڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں مجوزہ ترامیم کو ترتیب دیا۔<br>سیکرٹری جنرل ایوان نے مجوزہ ترامیم کو بلحاظ ترتیب مجلس عاملہ کے سامنے پیش کیا، جسے مجلسِ عاملہ کی طرف سے غور وخوض کے بعد بالاتفاقِ رائے منظور کیا۔ |
| ۵. | منظوری نئے ممبران ایوان | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے مجلس عاملہ وایوان کے نئے ممبران کی فہرست پیش کی اور ان کی تفصیل سے آگاہ کیا۔ مجلس عاملہ نے بااتفاق رائے نئے ممبران کی منظوری دی۔ |
| ۶. | منظوری تقرری آڈیٹر بابت 26-2025 | اراکین مجلس عاملہ ایوان کو بتایا گیا کہ بابت سال 26-2025 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کیلئے ایک ہی تحریری درخواست میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف موصول ہوئی ہے، لہٰذا اس کی منظوری دی جائے۔ جس پر اراکینِ مجلس عاملہ نے متفقہ طور پر شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بابت سال 26-2025 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ |
| ۷. | اور کوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔ | سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق نے اراکینِ مجلسِ عاملہ کو ایوان کے آمدہ تین سال 28-2025 کیلئے Plan of Activities پیش کیا جس پر غور و خوض اور بحث کے بعد اراکینِ مجلسِ عاملہ نے Plan of Activities کی متفقہ طور پر منظوری دی۔<br>سیکریٹری جنرل ایوان نے مجلسِ عاملہ کو آگاہ کیا کہ ایوان کی موجودہ عمارت کی آخری جامع رینوویشن سال 2006ء میں کی گئی تھی۔ وقت گزرنے کے باعث عمارت کے مختلف حصوں کی مرمت، تزئین و آرائش اور ضروری اپ گریڈیشن ناگزیر ہو چکی ہے۔ اس مقصد کے لیے ابتدائی تخمینہ کے مطابق تقریباً 2 تا 3 کروڑ روپے کے اخراجات متوقع ہیں۔ مجوزہ رینوویشن میں، دیگر ضروری کاموں کے علاوہ درج ذیل امور شامل ہوں گے: |

| کاروائی اجلاس | ایجنڈا | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 1. صدر کے دفتر کے علاوہ پوری عمارت میں فالس سیلنگ کی تنصیب/تبدیلی۔<br>2. مین گیٹ، وال گرلز اور سیڑھیوں کی گرلز کی تنصیب۔<br>3. عمارت کے داخلی حصے میں ٹف ٹائلنگ اور داخلی سطح (Level) کی بلندی میں اضافہ۔<br>4. گراؤنڈ فلور اور فرسٹ فلور پر ماربل فلورنگ۔<br>5. شمیم کمیٹی روم اور حاجی احمد حسن ہال کے لیے دو عدد LED ٹی وی کی تنصیب۔<br>6. تین نئے دفتری کمروں (Office Rooms) کی تعمیر۔<br>7. ساؤنڈ سسٹم اور لائٹنگ کی اپ گریڈیشن۔<br>8. شمیم کمیٹی روم اور حاجی احمد حسن ہال اور صدر دفتر میں نئے فرنیچر کی تنصیب۔<br>9. دروازوں کی نئی چوکھاٹ کی تبدیلی۔<br><br>مجلسِ عاملہ کو مزید آگاہ کیا گیا کہ مذکورہ رینوویشن کے لیے درکار فنڈز چیمبر کے اپنے جمع شدہ فنڈز، جو یو مائیکروفنانس بینک میں موجود ہیں، سے قواعد وضوابط کے مطابق خرچ کیے جائیں گے۔ لہٰذا مجلسِ عاملہ سے درخواست کی گئی کہ مذکورہ رینوویشن منصوبے کی منظوری دی جائے۔<br><br>مجلسِ عاملہ نے اس معاملہ پر تفصیلی غور وخوض اور بحث کے بعد متفقہ طور پر مجوزہ رینوویشن کی منظوری دے دی۔ مزید برآں، مجلسِ عاملہ نے رینوویشن کے تمام مراحل کی نگرانی، معیار کی جانچ اور ضرورت کے مطابق انتظامی فیصلے کرنے کے لیے چیمبر انفراسٹرکچر سب کمیٹی اور صدرِ ایوان کو مکمل اختیار تفویض کیا۔ | | |

اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے زیرِ غور نہیں تھا لہٰذا اجلاس کی کاروائی صدر صاحب کے شکریہ کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی۔

صدر

ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

CS CamScanner